
# تقریباً دوتہائی (62%) پاکستانیوں کے مطابق گزشتہ 12 ماہ کے دوران اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو اکثر یا کبھی کبھار رقم/ پیسوں کی کمی کا سامنا کرنا پڑا۔






گزشتہ 12 ماہ کے دوران آپ یا آپ کے گھرانے کے کسی فرد کو مندرجہ ذیل صورت حال کا سامنا کرنا پڑا ہے؟ یعنی زیادہ تر، کبھی کبھار، بہت کم یا بالکل بھی نہیں؟ - رقم کی کمی کا سامنا کرنا پڑا

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**سماجی رویے**

غربت

## تقریباً دو تہائی (62%) پاکستانیوں کے مطابق گزشتہ 12 ماہ کے دوران اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو اکثر یا کبھی کبھار رقم/ پیسوں کی کمی کا سامنا کرنا پڑا۔

(گیلپ & گیلانی سروے)،
(اسلام آباد)، 16 اپریل 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً دو تہائی (62%) پاکستانیوں کے مطابق گزشتہ 12 ماہ کے دوران اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو اکثر یا کبھی کبھار رقم/ پیسوں کی کمی کا سامنا کرنا پڑا۔ انٹرمیڈیٹ (یعنی ایف اے) سے کم تعلیم یافتہ (64%) یا 35,000 سے کم آمدنی والے (72%) جوابدہندگان میں مالی مشکلات کا سامنا کرنے کے حوالے سے زیادہ شرح دیکھنے میں آئی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" گزشتہ 12 ماہ کے دوران آپ یا آپ کے گھرانے کے کسی فرد کو مندرجہ ذیل صورت حال کا سامنا کرنا پڑا ہے؟ یعنی زیادہ تر، کبھی کبھار، بہت کم یا بالکل بھی نہیں؟- رقم کی کمی کا سامنا کرنا پڑا "**۔ اس سوال کے جواب میں 35% جوابدہندگان کے مطابق گزشتہ 12 ماہ کے دوران اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو "زیادہ تر" رقم کی کمی کا سامنا کرنا پڑا، 27% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو "کبھی کبھار" رقم کی کمی کا سامنا کرنا پڑا ، 7% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو "بہت کم" رقم کی کمی کا سامنا کرنا پڑا ، جبکہ 27% جوابدہندگان کے مطابق گزشتہ 12 ماہ کے دوران اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو "کبھی بھی رقم کی کمی کا سامنا نہیں" کرنا پڑا، تاہم 4% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" گزشتہ 12 ماہ کے دوران آپ یا آپ کے گھرانے کے کسی فرد کو مندرجہ ذیل صورت حال کا سامنا کرنا پڑا ہے؟ یعنی زیادہ تر، کبھی کبھار، بہت کم یا بالکل بھی نہیں؟- رقم کی کمی کا سامنا کرنا پڑا "**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1042 خواتین اور مرد حضرات سے 7th تا 12th جنوری 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**تعلیم کے اعتبار سے**: انٹرمیڈیٹ (یعنی ایف اے) سے کم تعلیم یافتہ افراد کی 64% شرح نے گزشتہ 12 ماہ کے دوران اکثر اوقات یا کبھی کبھار رقم/پیسوں کی کمی کا سامنا کرنے کی اطلاع دی، یہ شرح انٹرمیڈیٹ (یعنی ایف اے) یا اس سے زائد تعلیم یافتہ افراد (48%) کے مقابلے میں 16% زیادہ پائی گئی۔


## تعلیم کے اعتبار سے




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**آمدنی کے اعتبار سے**: کم آمدنی والے جوابدہندگان کی زیادہ شرح نے مالی مشکلات کا سامنا کرنے کی اطلاع دی۔ 35,000 سے کم آمدنی والے افراد میں سے 72% شرح کا یہ کہنا ہے کہ اُنہیں یا اُن کے گھرانے کے کسی فرد کو گزشتہ 12 ماہ کے دوران اکثر اوقات یا کبھی کبھار رقم/پیسوں کی کمی کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ شرح 35,000 یا اس سے زائد آمدنی والے افراد (43%) کے مقابلے میں نمایاں طور پر 29% زیادہ رہی۔

## آمدنی کے اعتبار سے




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 16th April 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)